# MINISTRY OF INTERIOR
## EMPLOYEES CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY

Volume: 31 Date: 25-04-2022


# News Letter


# سالانہ کارکردگی رپورٹ

**PROGRESS REPORT**

تعمیر و ترقی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ہمارا شعار









H # 1,Main Service Road, G-16/4,Islamabad. Ph: 051-2727953
website:www.miechs.com | Email:info@miechs.com

# سالانہ کارکردگی رپورٹ



معززممبران-------------------اسلام علیکم ورحمتہ اللہ

ہم اللہ تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ میں شکر بجالاتے ہیں کہ جس کے فضل وکرم اور توفیق کی بدولت ہم بطور انتظامی کمیٹی آپ ممبران کی خدمت پر مامور ہوئے اور وزارت داخلہ ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کو نئی جہت اور مدبرانہ صلاحیتوں کے ساتھ ترقی کی جانب گامزن کرنے میں ہمہ تن مصروف عمل رہے۔ ہماری انتھک محنت اور شبانہ روز کاوشوں، خصوصاً سوسائٹی کے تمام باشعور ممبران اور انکے ولولہ انگیز اعتماد کی بدولت ہم سیکٹر G-16 کو آج اس مقام پر پہنچانے میں کامیاب ہو چکے ہیں کہ جہاں اس سوسائٹی کا شمار وفاقی دارالحکومت کی اعلیٰ ترین سوسائٹیوں میں ہوتا ہے۔ بنیادی طور پر کوآپریٹو سوسائٹیز امداد باہمی اور مشترکہ شراکت داری کے مروجہ اصول کے تحت کام کرتی ہیں۔ آپکی سوسائٹی کے ذرائع آمدن محدود ہونے اور تمام تر معروضی حالات کے باوجود بھی ترقیاتی کاموں کا سلسلہ چلتا چلا جا رہا ہے۔

ماضی میں سوسائٹی کی حدود سے باہر زمینوں کی خریداری اور ان سے منسلک قانونی چارہ جوئی اگرچہ ترقیاتی کاموں کے تسلسل میں ایک سب سے بڑی رکاوٹ بنی ہوئی ہے تو دوسری جانب رخنہ اندازی کے عوامل میں ایک بڑا سبب سوسائٹی اور اسکی انتظامیہ پر تواتر کے ساتھ کیے جانے والے کیسوں کے وہ انبار ہیں جو سراسر لغو، بدنیتی پر مبنی اور حقیقت کے برعکس ہیں جن کے باعث آج آپکی سوسائٹی اس نہج پر نہ پہنچ سکی کہ جس کی یہ حقیقت میں حقدار ہے۔ کوآپریٹو قوانین اور سوسائٹی بائی لاز کے تحت سالانہ اجلاس عام میں متفقہ طور پر منظور کیے جانے والے ایک ایک لفظ کو مکمل قانونی تحفظ حاصل ہونے کے باوجود سوسائٹی کے چند ایسے ممبران بھی ہیں جو محض اپنی ذاتی تسکین کی خاطر سوسائٹی کو تباہی کی جانب دھکیلنا چاہتے ہیں اور سابقہ اجلاس عام کے منظور کردہ اور توثیق شدہ قوائد کو صریحاً مسترد کرتے ہوئے ذاتی جواز دعوؤں کی بنیاد پر عدالتوں اور اداروں میں پے در پے کیسوں اور درخواستوں کی بھرمار جاری رکھے ہوئے ہیں جس کے باعث سوسائٹی کے وسائل کا بے دریغ نقصان ہو رہا ہے تو دوسری جانب ترقیاتی کاموں کے منتظر ممبران کا استحصال جاری ہے۔

الحمدللہ تمام تر نامساعد حالات اور رکاوٹوں کے باوجود آج آپکی سوسائٹی ہماری عملی جدوجہد کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ آپکی سوسائٹی میں ممبران کو ہر ممکن سہولیات انکی دہلیز پر مہیا کی جا رہی ہیں۔ مکانات کی تعمیرات میں ہر ممکن معاونت فراہم کی جا رہی ہے، رہائشیوں کی تیزی سے بڑھتی ہوئی تعداد اس سوسائٹی پر ممبران کے بھرپور اعتماد کا مظہر ہے۔ مساجد کی تعمیر، پارک، کھیل کے میدان، سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ کی تنصیب، پانی کو ذخیرہ کرنے کے ٹینک، ٹیوب ویلوں کی تنصیب، صفائی و کچرا اٹھانے کا انتظام، ای ٹیگ و سکیورٹی سسٹم کی تنصیب، سڑکوں و گلیوں کی مرمت، فٹ پاتھ و اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب، مرکز کی تزئین و آرائش اور سہولیات کی فراہمی، زمینوں اور رقبوں کی ملکیت کا تحفظ آپکی موجودہ انتظامیہ کی ہی کاوشوں کا ثمر ہے۔ اور انکی فراہمی میں کسی قسم کی مصلحت پسندی کو اپنی راہ میں حائل نہ ہونے دیا گیا ہے۔



# Progress Report

## سیکٹر G-16/2

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16/2 میں تقریباً اڑھائی سو کنال زمین کا قبضہ حاصل کرکے اس پر ترقیاتی کاموں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ان ترقیاتی کاموں کی بدولت گلی نمبر 74 ,72, 73 ,64, 63, 62, 71-A اور دیگر کئی گلیوں میں ترقیاتی کام جاری و ساری ہیں اور ان گلیوں سے منسلک پلاٹوں کے ممبران کو بہت جلد قبضے آفر پیش کیے جانے کی امید ہے۔ منسلک زمینوں کے فوری حصول کیلئے انکے مالکان سے بات چیت کا سلسلہ جاری ہے جس کے باعث قوی امکان ہے کہ ترقیاتی کاموں کا سلسلہ بتدریج پھیلتا چلا جائے گا۔



## سیکٹر G-16/4 فیز 1

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16/4 کی گلی نمبر 10 , 37 ,25 , 24 , 23 , 22 میں ترقیاتی کام تقریباً آخری مراحل میں داخل ہو چکے ہیں کہ جہاں سیوریج، پانی کی لائنوں اور فٹ پاتھ کی تنصیب کا کام مکمل کیا جا چکا ہے جبکہ گلیوں کی ٹی ایس ٹی بھی آخری مراحل میں داخل ہو چکی ہے۔



# Progress Report

## سیکٹر G-16/3 ایکسٹینشن

الحمدللہ آپ کی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16/3 کے ایکسٹینشن کا تقریباً 85% فیصد ترقیاتی کام مکمل کر کے ممبران کو قبضہ فراہم کیا جا چکا ہے۔ ان پلاٹس پر ممبران کی جانب سے تعمیرات کا کام شروع کیا جا چکا ہے اور متعدد مکانات زیرِ تعمیر یا تکمیل کے مراحل میں ہیں۔ نیز زیرِ زمین بجلی اور گیس کی لائنوں کی تنصیب اور انفرا اسٹرکچر بچھانے کا کام بہت جلد شروع کیا جا رہا ہے۔








## سیکٹر G-16 مرکز

الحمدللہ آپ کی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16 مرکز کا ترقیاتی کام سو فیصد مکمل کیا جا چکا ہے اور ان کمرشل پلاٹس پر ممبران کو قبضہ فراہم کیے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔ ان پلاٹس میں سے چند کمرشل پلازوں کی ابتدائی تعمیرات کا سلسلہ بھی شروع ہو چکا ہے۔





# Progress Report

## نئی مساجد کا قیام

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16/4 میں رہائشی ممبران کیلئے دو عدد مساجد کا قیام عمل میں آچکا ہے جن میں گلی نمبر 13 میں مرکزی جامع مسجد المحبوب اور گلی نمبر 7 میں اللہ والی مسجد شامل ہیں۔ اسی طرح سیکٹر G-16/3 کے ممبران کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے سیکٹر کے مین مرکز اور G-16/3 کی منی مارکیٹ میں واقع مساجد کے پلاٹس پر بھی نئی مساجد کے قیام کا فیصلہ کیا جا چکا ہے جس پر تعمیری کام بہت جلد شروع کیا جا رہا ہے۔





## نئے ٹیوب ویل

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16/4 میں نئے ٹیوب ویلز کی ڈرلنگ اور تنصیب کیلئے سروے، کنسلٹنسی اور ٹینڈر کا کام مکمل کیئے جانے کے بعد کام کی شروعات کی جا چکی ہے۔ تین مختلف مقامات پر پیڈ ڈرلنگ آپریشن کروایا گیا جن میں سے ایک ٹیوب ویل سے پانی کا حصول شروع ہو چکا ہے جبکہ ایک ٹیوب ویل پر ڈرلنگ کا کام جاری ہے۔









## پانی کی سپلائی

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16/4 میں پانی کی سپلائی کیلئے نئے ٹیوب ویلز کی ڈرلنگ کے ساتھ ساتھ متبادل ذرائع سے پانی کے حصول پر کام جاری ہے۔ چونکہ سوسائٹی میں زیر زمین پانی کی مقدار انتہائی کم ہونے کے باعث طلب و رسد میں توازن برقرار رکھنا سوسائٹی انتظامیہ کیلئے ناممکن ہے۔

اس مسئلے کے تدارک کیلئے دیگر ذرائع سے پانی کے مستقل حصول کیلئے کوششیں جاری ہیں تاکہ ممبران کیلئے پانی کی ضروریات کو باہم پورا کیا جا سکے۔




## پارک کی تعمیر

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16/4 گلی نمبر 10 میں پارک کی بنیادی تعمیر، واکنگ ٹریک، لائٹس اور شجرکاری کا کام کافی پہلے مکمل کیا جا چکا ہے جس میں مزید وسعت لاتے ہوئے باقی ماندہ رہ جانے والے کام جن میں بچوں کیلئے جھولے، بینچ، کنوپیز سمیت دیگر تمام ضروری سہولیات جلد فراہم کی جا رہی ہیں۔

# Progress Report

## رابطہ سڑکوں کی تعمیر

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16/4 گلی نمبر 10-A کو گلی نمبر 5-A کے ساتھ منسلک کیئے جانے پر کام جاری ہے جس میں سے نالے کے ساتھ حفاظتی دیوار کا کام مکمل کیا جا چکا ہے اور نالے کے اوپر سے پل کی تعمیر کا کام شروع ہو چکا ہے اسکے بعد ان دونوں گلیوں کے درمیان سڑک کی تعمیر کا کام مکمل کرایا جائے گا جسکے باعث دونوں جانب کے رہائشیوں کے دیرینہ آمدورفت کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔





## واکنگ ٹریک / کھیل کے میدان

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ سوسائٹی میں صحتمندانہ سرگرمیوں کے فروغ کیلئے کوشاں ہے۔ ممبران کیلئے سیکٹر G-16/3 سروس روڈ سے ملحقہ جگہ پر کرکٹ گراؤنڈ کی تعمیرات کا کام مکمل کیا جا چکا ہے جسے جلد ہم ضرورت سے مزین کیا جا رہا ہے اسکے ساتھ ساتھ سیکٹر G-16/4 سے ملحقہ سروس روڈ کی گرین بیلٹ پر ایک لمبا واکنگ ٹریک بنانے پر بھی کام جاری جس کا ابتدائی سروے اور کنسلٹنسی کا کام مکمل کیا جا چکا ہے جس پر بہت جلد کام کی شروعات کی جا رہی ہے۔








## سروسز کی فراہمی:

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے G-16/3 کے ایکسٹینشن ایریا میں زیر زمین بجلی اور گیس کی سروس لائنوں کی تنصیب کیلئے سروے سمیت ابتدائی کام مکمل کیا جا چکا ہے جو کہ متعلقہ اداروں کی جانب سے این او سی نہ ملنے کے باعث تاخیر کا شکار ہے۔ اس بات کا قوی امکان ہے کہ بہت جلد مطلوبہ اجازت نامے کے حصول کے ساتھ ہی تنصیب کا کام فوری شروع کر دیا جائے گا۔

## E-Tag سسٹم

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16 کے مرکزی داخلی و خارجی راستے پر E-Tag سسٹم کی تنصیب کا کام مکمل اور فعال کیا جا چکا ہے جسکے لیئے ممبران کو E-Tag کارڈ کا اجراء سوسائٹی آفس میں شروع کر دیا گیا ہے۔




# Progress Report



## سیکیورٹی سسٹم:

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16/4، سیکٹر G-16/3 اور مین مرکز میں اعلیٰ معیار کے سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب مکمل کی جاچکی ہے جس میں بتدریج اضافہ کیا جا رہا ہے، ماسٹر کنٹرول روم بھی اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہے اور تمام رہائشیوں کو حتی الوسع بہترین سیکیورٹی سروس فراہم کی جارہی ہے۔




## فائبر آپٹک:

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16/4، سیکٹر G-16/3 اور مین مرکز میں فائبر آپٹک کیبل بچھائی جاچکی ہے اور ممبران کو تیز ترین انٹرنیٹ کی سہولت کی فراہمی جاری ہے۔





## صفائی ستھرائی:

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16/4، سیکٹر G-16/3 اور مین مرکز میں سوسائٹی کی جانب سے صفائی ستھرائی کا کام مسلسل جاری ہے اور گھروں سے کچرا اٹھانے کے کام کی شروعات بھی کی جاچکی ہے۔




## واٹر فلٹریشن پلانٹ:

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سوسائٹی کے رہائشیوں کی ضروریات کو مدِنظر رکھتے ہوئے سوسائٹی میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تعمیر کیلئے لوکیشن مکمل کر کے اسٹینڈرڈ جاری کر دیا گیا ہے جس پر بہت جلد کام کی شروعات کی جارہی ہیں تاکہ ممبران کو پینے کے صاف پانی کے حصول میں آسانی فراہم کی جاسکے۔






## لے آوٹ پلان:

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16 کے فیز 2 کا لے آؤٹ پلان (LOP) تمام بنیادی اصول وضوابط کی مکمل تکمیل کے ساتھ سی ڈی اے میں جمع کروایا جاچکا ہے، جو کہ محض سی ڈی اے کی جانب سے تاخیر کا شکار ہے۔

## اسٹریٹ لائٹس

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16/4 ، سیکٹر G-16/3 اور مین مرکز میں اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب کا کام مکمل کر کے انہیں مکمل فعال کر دیا گیا ہے اور غیر فعال شدہ لائٹس کی مرمت کا کام مستقل بنیادوں پر کیا جا رہا ہے۔






## سوسائٹی کیلئے ویب سائٹ کا قیام

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے ایک مکمل جامع اور تمام معلومات سے مزین ویب سائٹ (www.miechs.com) کا قیام عمل میں آ چکا ہے جو کہ مکمل طور پر فعال ہے جہاں سوسائٹی و انتظامیہ سے متعلق تمام تر معلومات، سوسائٹی بائی لاز، بینڈ رز وتر قیاتی کام، ممبران و پلاٹس کی تفصیلات، ٹرانسفر و پوزیشن کی معلومات، آڈٹ رپورٹ سمیت دیگر تمام معلومات موجود ہیں اور حسب ضرورت کے مطابق اس میں مزید وسعت لائی جاری ہے۔




## اسٹریٹ بورڈز

الحمدللہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16/3 کے فیز 2 کی تمام نئی گلیوں پر اسٹریٹ بورڈز کی تنصیب کا کام مکمل کیا جا چکا ہے۔

# Progress Report

## واٹر ٹینک کی تعمیر

الحمد للہ آپکی موجودہ انتظامیہ کی جانب سے سیکٹر G-16/3 میں انڈر گراؤنڈ واٹر ٹینک کی تعمیرات کا کام مکمل کیا جا چکا ہے اور اب یہ ٹینک مکمل طور پر فعال ہونے کیلئے تیار ہے جبکہ اوور ہیڈ واٹر ٹینک کی تعمیرات کا کام تیزی سے جاری ہے اور اب یہ ٹینک تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔







## بنیادی ممبران کیلئے نئے منصوبے

آپکی موجودہ انتظامیہ ہر قسم کی قانونی اور رفاہی کاوشوں میں مصروف ہے کہ کسی بھی طور نان پوزیشنر ممبران (متاثرین) کی داد رسی کو ممکن بنایا جائے تا کہ نان پوزیشنرز کا دیرینہ مسئلہ حل کیا جا سکے۔ چونکہ سوسائٹی میں موجود زمینوں کی خرید اور انکا حصول ایک کٹھن اور پیچیدہ مسئلہ ہے جن میں لا تعداد انتظامی و زمینی مشکلات حائل ہونے کے سبب بنیادی ممبران عرصہ دراز سے اپنے پلاٹوں کے حصول سے محروم ہیں۔ سوسائٹی سے باہر موجود ملکیتی زمینوں کے متعلق قانونی چارہ جوئی اپنے منطقی انجام کی جانب گامزن ہے اور ان ملکیتی زمینوں کے عوض حاصل شدہ رقم کا خالصتاً استعمال ایسے بنیادی ممبران کیلئے مرتب کیے گئے نئے منصوبوں پر صرف کیا جائے گا۔













# Progress Report












# انتظامیہ کمیٹی




خورشید احمد (صدر)




آفتاب احمد شاہ (جنرل سیکرٹری)




چوہدری فرحان صدیق (نائب صدر)




سردار بلال ممتاز (خزانچی)



محمد نوید بٹ (ایگزیکٹو ممبر)



غلام جان اعوان (ایگزیکٹو ممبر)



چوہدری شریف (ایگزیکٹو ممبر)



رضوان منیر (ایگزیکٹو ممبر)



رانا محمد اقبال (ایگزیکٹو ممبر)

# سالانہ اجلاس عام

تمام معزز ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وزارت داخلہ ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی اسلام آباد

کی جنرل باڈی میٹنگ کا انعقاد مورخہ 27 مئی 2022 بروز جمعہ بوقت 2:30 بجے بمقام کنونشن سینٹر ڈھوکری چوک اسلام آباد منعقد ہوگا۔

## سالانہ اجلاس عام کے اغراض و مقاصد درج ذیل ہیں

1۔ تلاوت کلام پاک و نعت رسول مقبول ﷺ۔

2۔ سوسائٹی و انتظامی کارکردگی رپورٹ۔

3۔ پڑتال شدہ حسابات بابت عرصہ 17-12-2017 تا سال 2021 اور مالی سال 2021 تا سال 2022 کی منظوری۔

4۔ بجٹ برائے مالی سال 2021 تا سال 2022 کی منظوری۔

5۔ آڈٹ رپورٹس بابت عرصہ 17-12-2017 تا سال 2021 و مالی سال 2020 تا سال 2021 برائے ملاحظہ۔

6۔ گزشتہ اجلاس عام سے لے کر مئی 2022 تک انتظامی کمیٹی کے تمام اقدامات و فیصلوں کی توثیق/منظوری۔

7۔ گزشتہ اجلاس عام کے بعد داخل و خارج کیے گئے ممبران کی توثیق۔

8۔ گزشتہ اجلاس عام کے بعد کیے گئے تمام سول ورکس، الیکٹریکل اور ماحولیاتی کنسلٹنٹ کی تعیناتی اور اس حوالے سے کیے جانے والے معاہدات کی توثیق/منظوری۔

9۔ گزشتہ اجلاس عام کے بعد کیے گئے زمین کی خریداری/ٹھیکہ جات/تبادلہ جات/معاہدات/رننگ پیمنٹ/ایڈیشنل ورک پیمنٹ کی سول کنٹریکٹرز اور الیکٹریکل کنٹریکٹر کو ادائیگیوں کی توثیق و منظوری۔

10۔ سیکٹر G-16 میں سوسائٹی کے وسیع تر مفاد میں زمینوں کے تبادلہ جات نیز خرید و فروخت کرنے کی منظوری۔

11۔ سیکٹر G-16/3 اور G-16/4 کے تمام ڈویلپ و خالی پلاٹس پر نان کنسٹرکشن چارجز عائد کرنے کی منظوری۔

12۔ مسجد الحبیب سیکٹر G-16 میں دیے گئے کنٹریکٹ زدہ ان بلڈرز کو بوجہ کنسٹرکشن کاسٹ میں اضافہ کینسل کرنے کی منظوری اور بذریعہ اشتہار دوبارہ ٹینڈر دینے کی توثیق/منظوری۔

13۔ فیز 1 ایکسٹینشن میں گیس کی سروس لائنوں کی تنصیب کیلئے بذریعہ ٹینڈر کام کروانے کی منظوری۔ فیز 1 ایکسٹینشن میں بجلی کے کام کیلئے بذریعہ ٹینڈر کام کروانے کی منظوری۔

14۔ تمام تر ڈویلپ پلاٹس کے واجب الادا ڈویلپمنٹ چارجز فوری ادا نہ کرنے پر پلاٹ منسوخ کرنے کی منظوری۔

15۔ سجاد صاحب کے TPC سے مستعفی ہونے کے بعد اور نئے TPC کے کنسلٹنٹ کے ساتھ معاہدہ کرنے کی توثیق/منظوری اور بوقت ضرورت نئی سول کنسلٹنٹ کمپنی سے بذریعہ اشتہار معاہدہ کرنے کی توثیق اور منظوری۔

16۔ سول کنٹریکٹر کے ریٹ میں اضافی چارجز لگائے جانے کی منظوری۔

17۔ سیکٹر G-16 فیز 1 کے لے آؤٹ پلان (LOP) میں ضروری ترامیم کروانے کے بعد نظرثانی شدہ لے آؤٹ پلان کی سی ڈی اے سے منظور کروانے کی منظوری۔

18۔ سوسائٹی میں بمطابق پوزیشن لیٹر الاٹ شدہ پلاٹ کے علاوہ متعدد گرین بیلٹس، اضافی جگہ، سروس روڈز کے اطراف ہر قسم کی تعمیرات پر پابندی اور تعمیرات کو منہدم کرنے کی منظوری۔

19۔ صدر سوسائٹی کی اجازت سے کوئی بھی ایجنڈا آئٹم و ممبران کی طرف سے تجاویز پر غور و خوض کے بعد ان کے عمل کی منظوری۔

**خصوصی ہدایات:** داخلہ صرف حقیقی ممبران کیلئے ہوگا۔ ممبران اپنی شناخت کیلئے اپنا اصل شناختی کارڈ اور الاٹمنٹ لیٹر ضرور ساتھ لائیں تا کہ حاضری کو یقینی بنایا جا سکے
تمام ممبران کو سوسائٹی میں موجود ان کے رہائشی پتہ پر خطوط ارسال کیے جا رہے ہیں اور اس کے ساتھ بذریعہ اخبار، سوشل میڈیا و نوٹس بورڈ اجلاس میں شرکت کی درخواست کی جاتی ہے

منجانب

**انتظامی کمیٹی وزارت داخلہ ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی اسلام آباد**

مکان نمبر 1، مین سروس روڈ، سیکٹر G-16/4 فون نمبر 051-2727593

www.miechs.com miechsofficial